آنکھوں دیکھا حال

مولانا سلطان محمود ناظم دفتر اہتمام
دارالعلوم حقانیہ

صد سالہ اجلاس دارالعلوم دیوبند
اور
حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کی رسم دستار بندی

★

آج ۲۲ مارچ اور ہفتہ کا دن ہے۔ برصغیر کی تاریخ کا یہ فقید المثال اجتماع حاضرین کے لحاظ سے پورے عروج پر ہے۔ اور اس لحاظ سے مجمع انتہا کو پہنچ چکا ہے۔ کل بعد از جمعہ افتتاحی نشست تھی اور بعد از عشاء دوسری نشست میں زیادہ تر حصہ عالم عرب کے مشاہیر علماء اور زعماء کی تقاریر کا تھا۔ وسیع و عریض پنڈال کی وسعتوں کو نگاہیں سمیٹ نہیں سکتیں اور آنکھوں کے کیمرے بھی حاضرین کا احاطہ کرنے سے عاجز و درماندہ ہے۔ آج کی نشست میں پہلی تقریر عالم اسلام کے متاع گرانمایہ حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی مدظلہ کی ہوئی جو اپنی تقریر میں ملت مسلمہ ہندیہ کو نیا پیغام، نئی زندگی اور نیا ولولہ دے گئے اور اس پیغام نے "حاصل اجلاس" یا پیغام دیوبند کی حیثیت حاصل کر لی۔ کچھ حصہ ان کے خطاب کا عربی زبان میں بھی تھا کہ عالم عرب کے بے شمار سامعین و شرکاء جلسہ بھی ان انمول تحفۃ الہند سے دل و دماغ منور کر سکیں۔

ان کے خطاب کے بعد حضرت مولانا مفتی محمود صاحب مدظلہ کی تقریر ہوئی جنہیں اپنی علمی اور سیاسی بھاری بھرکم شخصیت اور خداداد وجاہت کی وجہ سے قدرتی طور پر پاکستان سے شریک ہونے والے کم و بیش ۵ ہزار زائرین و شرکاء جلسہ کی زعامت و قیادت کا شرف بھی حاصل ہے۔ ان کی تقریر بھی مختصر مگر جامع اور مؤثر رہی کچھ دو ایک مزید عربی تقاریر بھی ہوئیں۔

اس کے بعد حضرت مولانا منت اللہ رحمانی امیر شریعت بہار نے مائک پر آکر اعلان کیا کہ اس نشست کا یہ حصہ دستار بندی کے لئے تھا۔ مگر چونکہ وقت کم ہے اس لئے اب بعض نہایت اہم اکابر کی دستار بندی پر اکتفاء کیا جا رہا ہے۔ حضرت قاری محمد طیب صاحب مدظلہ مہتمم دارالعلوم دیوبند نے فرمایا کہ چونکہ بعض اہم شخصیتوں کی تقاریر کی وجہ سے وقت کم رہ گیا ہے جس میں خاصی تعداد میں دستار بندی مشکل ہے جبکہ اب تک کے کل فضلاء کی تعداد ساڑھے گیارہ ہزار کے لگ بھگ ہے جنکی دستار بندی فرداً فرداً رسم کے مطابق اگرچہ ہونی چاہئے تھی مگر یہ ناممکن

ہے۔ تاہم ہم اس نشست میں دو چار اہم شخصیتوں کی دستار بندی کرنا چاہتے ہیں۔ جن میں سے ایک حضرت مولانا عبدالحق صاحب ہیں جنہوں نے پاکستان میں ایک اہم مرکزی دینی درسگاہ جامعہ حقانیہ کے نام سے قائم کیا جو پاکستان میں سب سے بڑا مدرسہ ہے اور جنہوں نے فراغت کے بعد تقسیم سے پہلے قیام پاکستان تک یہاں دارالعلوم دیوبند میں پڑھایا اسی طرح حضرت مولانا محمد اسعد صاحب مدنی مدظلہٗ اور دارالعلوم دیوبند کے موجودہ شیخ الحدیث جو آجکل اگرچہ درس نہیں دے سکتے معذور ہیں مگر شیخ الحدیث کے عہدہ پر فائز ہیں کی دستار بندی بھی ہوگی۔ باقی حضرات فضلاء کو کل یعنی ۲۳ مارچ کو جلسہ کے اختتام کے بعد دارالحدیث کے ہال میں دستار فضیلت دی جائیں گی۔

اس کے بعد دستار بندی شروع ہوئی سب سے پہلے خود حضرت حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہٗ کی رسم دستار بندی ادا ہوئی جن کی مسلسل طویل اور انتھک خدمات کے دور میں دارالعلوم دیوبند نے ایک مدرسہ سے عالمی یونیورسٹی کی حیثیت اختیار کرلی۔ اس کے بعد جانشین شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ حضرت مولانا محمد اسعد مدنی مدظلہٗ صدر جمعیۃ العلماء ہند کی دستار بندی کا اعلان ہوا۔ فضلاء دارالعلوم کی کل تعداد میں حضرۃ شیخ الاسلام مولانا مدنی قدس سرہٗ کے تلامذہ اور ان سے سند حدیث لینے والوں کی تعداد دو تہائی سے کم نہ ہوگی ویسے بھی لاکھوں کروڑوں مسلمان حضرت قدس سرہٗ کے گرویدہ اور نام لیوا ہیں۔ آج یہ لوگ اپنے شیخ، استاد اور مرشد کے جانشین اور یادگار کی اس پر مسرت اور باہرکت رسم دستار بندی کا منظر دیکھ کر بے تاب ہو رہے تھے۔ اجتماع میں ہلچل مچ گئی لوگ فرط جذبات سے بے قابو ہو رہے تھے کہ اتنے میں مولانا محمد اسعد مدنی مدظلہٗ نے مائک پر آکر فرمایا کہ یہاں سب اکابر علم و فضل ہیں مگر اس وقت میرے دو اساتذہ موجود ہیں جن میں سے ایک حضرت مولانا عبدالحق صاحب دامت برکاتہم ہیں۔ (ایک اور بزرگ کا نام لیا جو غالباً دارالعلوم کے موجودہ شیخ الحدیث ہیں۔ مگر نام سنا نہیں گیا) اور میری دلی خواہش ہے کہ ان حضرات اساتذہ سے میری دستار بندی کرائی جائے۔ اس وقت حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہٗ سٹیج کے شمالی کونے میں پہلی صف میں صوفے پر تشریف فرما تھے۔ حضرت مولانا اسعد صاحب مدظلہٗ ان کے پاس تشریف لے گئے اور انہیں سہارا دیتے ہوئے مائک تک لے آئے۔ یہ منظر عجیب فرحت انگیز اور رقت آمیز تھا۔ مخدوم زادۂ عالم اور ہندوستانی مسلمانوں کے زعیم کی اپنے استاذ سے متواضعانہ اور مخلصانہ عقیدت قابل دید تھی۔ اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ اور دیگر اکابر اور حضرت قاری محمد طیب صاحب مدظلہٗ نے حضرت مولانا محمد اسعد مدنی مدظلہٗ کی دستار بندی فرمائی۔

اس کے بعد حضرت قاری محمد طیب صاحب مدظلہٗ نے مائک پر آکر حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہٗ کی دستار بندی کا اعلان فرمایا اور حضرت کے بارہ میں تحسین و محبت کے زور دار کلمات سے ان کا تعارف کیا اور فرمایا حضرت مولانا دامت برکاتہم دارالعلوم دیوبند کے جید علماء میں سے ہیں جنہوں نے فراغت کے بعد عرصہ تک